ہمارے عقیدے اور منہج

نفاذِ شریعت کیلئے ضروری ہے: "صحیح راہ دیکھانے والی ایک کتاب اور اسکی مدد کیلئے ایک شمشیر "

اے توحید پر یقین رکھنے والے بھائی!

یہاں پر ہم اپنے عقیدے اور منہج کے حوالے سے گفتگو کرینگے اِنشاءاللہ۔

یادرکھنا! یہ سب صرف قلم سے نکلی کچھ روشنائی یا زبان سے نکلی چند لفاظی نہیں ہے۔

یہ ہمارے عقیدے ہیں جسے ہم دل کی گہرائی سے یقین کرتے ہیں۔ اور دل سے محسوس کرتے ہیں۔ جسکے لیے ہم اپنے خون بہاتے ہیں اور جان قربان کرتے ہیں۔

یہ ہمارا منہج اور دستورالعمل ہے جس پر ہم خود چلتے ہیں۔ اور دوسروں کو بھی اسکے بارے میں بتاتے ہیں۔ یہ علم کی روشنی سے روشن اور خونِ جہاد سے تر ایک منہج ہے۔

ان عقیدے اور منہج کی بناء پر ہم جمع ہوئے ہیں اور ہم اسی کی بنیاد پر ہی توحید والجہاد کے پرچم تلے مجتمع ہوئے۔

اسکے ہر پہلو کو آپ خوب اہمیت دیجئے جہاں تک اس کا حق ہے۔ اسکی رہنمائی پر اپنی زندگی کو بنائے۔

اس امید پر۔ امت کی خدمت میں مصروف آپکے برادران۔

ان الحمد لله نحمده و نستعينه ونستغفره،ونعوذبالله من شرور انفسنا ومن سيئات اعمالنا،من يهده الله فلا مضل له،ومن يضلل فلا هادي له،ونشهد ان لا اله الا الله،ونشهد ان محمدا عبده ورسوله، اما بعد:

ہمارے عقیدے۔

اللہ رب العزت:

* ہم ایمان رکھتے ہیں اور گواہی دیتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ سب سے بڑے اور عظیم ہیں۔ اللہ کے سوا عبادت کے لائق کوئی اور معبود نہیں ہے۔ اور کوئی انکے برابر کا بھی نہیں ہے۔

ہم گواہی دیتے ہیں کہ ایک اللہ کے سوا کوئی الہ نہیں ہے، (لا الہ الا اللہ) توحید کا یہ کلمہ جو کچھ دعویٰ کرتا ہے ہم اسکے لئے وہی ثابت کرتے ہیں۔ ہم انکے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتے۔ انسان اللہ کے سوا جتنے بھی جھوٹے خدا اور طواغیت کو الہ کے طور پر مانتا ہے، ان تمام طواغیت کو ہم رد و انکار کرتے ہیں۔ اور ان سے قطع تعلق اور برائت کا اعلان کرتے ہیں۔

اللہ کے سوا جتنی بھی چیزوں کی عبادت کی جاتی ہے ہم انہیں طاغوت قرار دیتے ہیں۔ اور ہم یہ بھی مانتے ہیں کہ طاغوت مختلف قسم پر ہو سکتا ہے جیسے:

۱: شیطان۔

۲: علمِ غائب کا دعویٰ کرنے والا۔

۳: اللہ کے سوا جسکی عبادت کی جاتی ہو اور وہ اس عبادت پر راضی ہو۔

۴: اللہ کے آئین و قوانین کو بدلنے والا حاکم (سرکار) اور اس سے منسلک افرادے۔

۵: اور جو بھی اللہ کے آئین و قوانین کو رد کرتے ہوئے خود ساختہ یا انسانوں کا بنایا ہوا آئین سے فیصلہ کریں، وغیرہ۔ یہ سب طواغیت کو انکار و رد (کفر بالطاغوت) کئے بنا اللہ پر ایمان (ایمان باللہ)، کا کوئی اعتبار نہیں اور اس طرح ایمان لانے سے کوئی مسلمان بھی نہیں ہوتا۔

* اور ہم یہ بھی یقین کرتے ہیں کہ؛

۱۔ ان تمام طواغیت کی عبادت، اطاعت، اتباع اور محبت کو کفر و باطل سمجھنا۔

۲۔ انکی عبادت، اطاعت، اتباع اور محبت کو ترک کرنا۔

۳۔ انکے ساتھ دشمنی رکھنا۔

۴۔ اور ان سے نفرت کرنے کے علاوہ صحیح معنوں میں ''کفر بالطاغوت'' (طاغوت کو رد وانکار) ثابت نہیں ہوتا۔ اور یہ ساری باتیں کتابُ اللہ اور سنتِ رسول ﷺ سے ثابت شدہ ہیں۔ جس میں شک کی کوئی گنجائش نہیں۔

* ہم یقین رکھتے ہیں کہ اللہ رب العزت ہی ہر چیز کا خالق و رب ہے۔ وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ تمام تر قوتوں کا منبع وہی ہے۔ تمام تعریفیں اسی کیلئے ہے۔ ہر چیز پر انکا مکمل اختیار ہے۔ حاکمیت اعلیٰ اور اقتدار اعلیٰ اسی کیلئے ہے۔ وہی ازلی ہے وہی ابدی ہے۔ وہی ظاہر ہے وہی باطن ہے۔

* اللہ کی توحید کے بارے میں ہم یقین رکھتے ہیں کہ رب ہونے کی حیثیت سے اللہ کے تمام افعال جیسے۔ پیدا کرنا، پالنا، رزق دینا، زندہ رکھنا، موت دینا، تمام تر اختیارات، پوری کائنات کے انتظامات، حقِ قانون سازی، اقتدار اعلیٰ کا حق، حلال و حرام کی تعیین، اچھے برے کی تشخیص، مشکل کشا، اولاد دینا، غائب کا علم رکھنے والا وغیرہ۔ میں اللہ کو ایک اور بے مثال (توحید ربوبیت) مانے بغیر کوئی مسلمان نہیں ہو سکتا۔

* ہمارا یہ بھی عقیدہ ہے کہ رکوع، سجدہ، دعا، مصیبت سے نجات کیلئے استغاثہ، قربانی، نذر و منت وغیرہ ہر طرح کی عبادت کے لائق صرف اور صرف ذاتِ باری تعالیٰ ہے، اسے مانے بغیر کوئی مسلمان نہیں بن سکتا۔ یہ سب ''توحید فی العبادۃ'' کا جزو ہے۔

* قرآن و سنت میں اللہ تعالیٰ کے جن نام و صفات کا تذکرہ آیا ہے اس کے بارے میں ہمارا عقیدہ یہ ہے کہ وہ اسماء وصفات اللہ کی شان کے مطابق ہے۔ مخلوق جیسا نہیں ہے۔ ہم اللہ تعالیٰ کی ان صفاتوں کو فرقۂ تشبیھیہ (المشبہ) کی طرح مخلوق کے ساتھ تشبیہ نہیں دیتے۔ اور نہ ہی فرقۂ معطلہ (المعطلہ) کی طرح اسکی کسی صفات سے انکاری ہے۔

* کلمہ ''لا الہ الا اللہ'' کے دو حصے نفی واثبات یعنی ''کفر بالطاغوت وایمان باللہ'' ان دونوں میں سے کسی ایک میں بھی تخفیف کی کوئی گنجائش نہیں۔

* ہم یہ بھی یقین رکھتے ہیں کہ:

۱۔ اس کلمہ (لا الہ الا اللہ) کا صحیح علم رکھنا۔

۲۔ اس پر پختہ یقین لانا۔

۳۔ اسے دل سے پورا پورا قبول کرنا، تصدیق بالجنان۔

۴۔ اقرار باللسان۔

۵۔ اپنی زندگی میں اس پر عمل کرنا۔ اسکے خلاف نہ کرنا (عمل بالارکان)۔

٦۔ اور صدق واخلاص کے ساتھ ااس کلمہ پر تاحیات ثابت قدم رہنا۔ ہر انسان کا مسلمان رہنے کیلئے ضروری ہے

معزز ملائکہ:

*ہم سبھی معزز فرشتوں پر ایمان رکھتے ہیں۔ہم اس بات پر ایمان رکھتے ہیں کہ تمام فرشتے اللہ تعالیٰ کی معزز مخلوق ہیں۔وہ اللہ تعالی کے حکم کی خلاف ورزی نہیں کرتے۔جو بھی حکم انکو دیاجائےوہ اسکو پورا کرتے ہیں۔*فرشتوں سے محبت ایمان کا حصہ ہے اور ان سے دشمنی کفر ہے۔

کتاب اللہ:

ہم ایمان رکھتے ہیں کہ قرآنِ مجید اللہ تعالیٰ کی کتاب اور انکا کلام ہے۔قرآن مجید کے الفاظ ومعانی دونوں اللہ کی طرف سے ہے۔ جس طرح اللہ تعالی نے حضرت جبرائیل علیہ السلام کے ذرائع سے رسول اللہ ﷺ پر بھیجا ہے اسی طرح ہی نازل ہوا اور آج تک بالکل ویسا ہی محفوظ ہے۔اس میں ایک نقطہ کی بھی کوئی تبدیلی نہیں ہوئی اور نہ قیامت تک ہوگی۔اس کا احترام کرنا واجب ہے۔اسکی اطاعت ضروری ہے۔اوراسکے مطابق فیصلے کرنا فرض ہے۔

*پہلے نبییوں پر جو کتابیں نازل ہوئی تھیں ہم ان پر بھی ایمان رکھتے ہیں۔اوراس بات پر بھی کہ رسول اللہ ﷺ کی نبوت کے ذریعہ سے پچھلے تمام آسمانی کتابیں وصحیفے منسوخ ہوگئے۔

*دینِ حق اسلام کو چھوڑ کر پہلے نبییوں پر نازل کی گئی کتابیں مثلاً توریت،انجیل،(اگرچہ غیر منحرف ہو)[پر آج دنیامیں غیر منحرف توریت، انجیل کا موجود ہونا محال ہے]کے اتباع کرکے بھی کوئی مؤمن نہیں بن سکتا۔ایسا شخص جہنمی ہے۔ایسے لوگوں کو ہم صریح کافر سمجھتے ہیں۔اورنہ ہی کتراتے ہیں اس طبقے کو کافر کہنے سے جیسا کہ دور حاضر کی جِدت پسند آزاد خیال(؟)بدعتی ٹولے کرتے ہیں۔

انبیاء علیہم السلام۔

*ہم اللہ تعالی کے تمام نبیوں اوررسولوں پر ایمان رکھتے ہیں ۔ان میں سب سے پہلے تھے حضرت آدم علیہ السلام اور سب سے آخر حضرت محمد ﷺ۔

*انبیائے کرام اللہ تعالی کے بندے اورآپس میں ایک دوسرے کے بھائی ہیں۔اللہ تعالیٰ نے انکو توحید کی دعوت پہنچانے کیلئے دنیا میں بھیجا تھا۔

*ہم انبیاء علیہم السلام پر ایمان لانے میں انکے آپس میں کوئی تفریق نہیں کرتے۔(یعنی یہود و نصاریٰ کی طرح جو کسی پر ایمان رکھتے ہیں اور کسی کی تکذیب کرتے ہیں۔ہم ایسانہیں کرتے)اللہ تعالی کے حدود کے باہر انکے ایک کودوسرے پر فوقیت نہیں دیتے۔

*جتنے بھی اَنبیائے کرام ہیں سب کے سب مٹی سے بنے ہوئے ہیں نہ کے نور سے۔

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم:

*ہم اس بات پر ایمان رکھتے ہیں کہ رسولُ اللہ ﷺ انسان وجنات سب کیلئے اللہ کے بھیجے ہوئے رسول ہیں۔ آپ سیدُ المرسلین وخاتمُ النبیین ہیں۔ آپ کے بعد اور کوئی نبی نہیں آئے گا۔ قیامت تک کیلئے آپ پر نازل کئے ہوئے قوانین ہی حتمی قوانین ہیں۔ قیامت سے پہلے حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان سے اتریںگے۔ لیکن نیا نبی ہونے کی حیثیت سے نہیں بلکہ آخری پیغمبر محمد ﷺ اور انکی شریعت کے متبع بن کر۔

*ہم یقین کرتے ہیں کہ رسولُ اللہ ﷺ نے اپنی رسالت کی ذمے داری کماحقہ ادا کی۔ انہوں نے وحی کی کسی بھی حصے کو چھپایا نہیں۔ اور نہ ہی کسی کو کوئی خاص حصہ الگ سے دیکر گئے، جیسا کہ بعض رافضی فرقے اور ملحد پیر گمان کرتے ہیں۔

*دین ہونے کی حیثیت سے جو کچھ آپ ﷺ ہمیں دیکر گئے وہ سب ہی اللہ تعالی کی طرف سے ہیں۔

*ہم یقین کرتے ہیں کہ آپ ﷺ کا اتباع اللہ تعالیٰ کی محبت کیلئے شرطِ اول ہے۔ اور ہماری تمام عبادات آپ ﷺ کی سنت کے مطابق ہونا لازمی ہے۔

*آپ ﷺ نے غائب وحاضر، ماضی ومستقبل کے بارے میں جو بھی پیشن گوئی کی اس پر یقین رکھنا اور اسکے آگے اپنے آپ کو سپرد کر دینا ضروری ہے۔

*ہم اللہ تعالیٰ کے رسول سے محبت رکھتے ہیں اور اس محبت کو ایمان کا حصہ اور باری تعالیٰ کی خوشنودی کا ذریعہ سمجھتے ہیں۔ ہم اہلِ بیت (آل خاندان رسول اللہ ﷺ) سے بھی محبت رکھتے ہیں۔ انکا احترام وتعظیم کرتے ہیں۔

*زندگی کی ہر سطح پر ہم اللہ کے رسول ﷺ کو اسوۂ حسنہ واعلیٰ نمونہ قرار دیتے ہیں۔ انکی تعلیم، تہذیب اور سنت کے خلاف کسی بھی ملی (قومی) یا بین الاقوامی قائدین، سیاستداں، فلسفی، دانشور یا سائنسداں کی تعلیم، تہذیب اور نظریہ کی ترجیح دینے کو کفر سمجھتے ہیں۔ جو دورِ حاضر کی قومیت (Nationalism) لا دینیت (Secularism) اور جمہوریت (Democracy) جیسے مختلف سیاسی فرقے اقتصادی (Economics) سیاسی (Politics) اور معاشراتی (Socials) وغیرہ سطح پر کرتے ہیں۔

*شخصی زندگی سے لیکر سماجی و ملی زندگی، آئین، عدالت اور امورِ قضاء سمیت ہر سطح کو حضور ﷺ کے ارشادات و آئین کے مطابق چلانے کو ہم واجب سمجھتے ہیں۔ آئین، عدالت اور امورِ قضاء میں انکے قوانین نہ ماننے کو ہم نواقض ایمان میں سے شمار کرتے ہیں۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم:

ہم سبھی صحابہ رضی اللہ عنہم سے محبت رکھتے ہیں۔ ان سب کے بارے میں اچھا گمان رکھتے ہیں۔ وہ سب کے سب انصاف پسند اور عادل تھے۔ ہم انکے بارے میں اچھائی کے علاوہ کچھ اور نہیں کہتے۔ *ان سے محبت ایمان کا حصہ ہے۔ اور ان سے دشمنی نفاق ہے۔

*ہم انکو معیارِ حق سمجھتے ہیں۔ایمان،عقائد، منہج،حکمتِ عملی غرض ہر بات میں ہم انکے موقف کو ہی صحیح قرار دیتے ہیں۔اور اسی کے اتباع کرتے ہیں۔

*انکی طرزِ زندگی کو ہی ہم مثالی اور کامیاب طرزِ زندگی سمجھتے ہیں۔ شخصی، سماجی، ملی، بین الاقوامی غرض کسی بھی شعبے میں انہوں نے جو لائحۂ عمل اختیار کیا ہے اسی کو ہم کسی بھی زمانے کے کسی بھی اسلامی جماعت یا قائدین کے چنے ہوئے راستے پر ترجیح دیتے ہیں۔

*انکے آپسی اختلافات کے بارے میں ہم خاموش رہتے ہیں۔ہم مانتے ہیں کہ ان اختلافات میں انہوں نے اجتہادی دلیل کی روشنی میں جو صحیح اور حق سمجھا اسی پر عمل کیا۔ان میں وہ نفس پرستی کا شکار نہیں تھے۔

*اسی طرح انکے نقشِ قدم پر چلنے والے تابعین اور تابع تابعین رحمۃ اللہ علیہم کو بھی ہم قابلِ اتباع سمجھتے ہیں۔ مختلف نوایجاد، بدعتی فرقے اور نظریات کے (جیسے خارجی، مُرجئہ) مقابلے میں انکے موقف اور حکمتِ عملی کو ہم اپنے لئے دلیل کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

تقدیر:

*ہم تقدیر پر ایمان لاتے ہیں۔اور اسکی اچھائی و برائی پر۔اور اس پر بھی کہ اللہ تعالیٰ کے منشیٰ کے بغیر کچھ بھی نہیں ہوتا۔

*اچھی اور بُری تقدیر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔بندے کا تمام افعال وہ پہلے سے ہی جانتا ہے۔اور اسے لکھ رکھا ہے۔اسی کے مطابق سب کچھ ہوتا ہے۔اس میں تھوڑا سا بھی ادھر ادھر ہونے کی گنجائش نہیں۔

*بندے کے تمام افعال کا خالق اللہ تعالیٰ ہی ہے۔یہاں پر ہم جبریہ فرقے کی افراط کو باطل قرار دیتے ہیں۔جنکا ماننا ہے کہ بندے کا کسی بھی فعل کا ذمہ دار وہ خود نہیں ہے۔اور فرقۂ قدریہ کی طرح ہم یہ بھی نہیں کہتے کہ بندہ خود ہی اپنے افعال کا خالق ہے۔ اس مسئلے میں ہم دونوں فرقے سے ہٹ کر اہلُ السنۃ والجماعۃ کا معتدل عقیدہ اپناتے ہیں۔

قبر کا عذاب اور اس میں سوال و جواب:

*ہم اس بات پر ایمان رکھتے ہیں کہ قبر میں "منکر و نکیر" دو فرشتے رب، دین اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں سوال کرینگے۔

*ہمارا عقیدہ ہے کہ عذابِ قبر برحق ہے۔اللہ تعالیٰ ہر کافر کو اور بعض گنہگار مسلمان کو قبر میں سزا دینگے۔اور جب وہ ارادہ کرینگے تو مسلمان کو معاف بھی کرسکتے ہیں۔اسی طرح وہ اپنے نیک بندوں کو قبر میں انعام سے نوازینگے۔اور انکے آرام کا انتظام کرینگے۔

قیامت:

* ہم علاماتِ قیامت پر ایمان رکھتے ہیں۔ جو کتابُ اللہ اور سنتِ رسول اللہ ﷺ سے ثابت ہیں۔

* ہم یقین رکھتے ہیں کہ قیامت سے پہلے حضرت مہدی علیہ الرضوان کے ظہور ہو گا۔ اوراس پر بھی کہ قیامت سے پہلے دجال نکل آئگا۔

* ہم یقین کرتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہمارے پیغمبر علیہ السلام کی شریعت کے متبع بن کر آسمان سے دوبارہ اتریںگے۔ دنیامیں عدل وانصاف قائم کرینگے۔ عیسایوں کے جھوٹے عقیدے اورہٹ دھرمی کوباطل قرار دینگے۔ انکی صلیب کومٹادینگے۔ اور قانونِ جزیہ اٹھادینگے۔

* ہم یقین کرتے ہیں کہ قیامت سے پہلے دوبارہ نبوت کے عدل میں خلافت قائم ہو گی۔

* ہم قیامت قائم ہونے پر یقین رکھتے ہیں۔ جیسا کہ کتابُ اللہ اور سنتِ رسول ﷺ میں مذکور ہے۔

آخرت اور موت کے بعد دوبارہ اٹھائے جانا:

* ہم یقین رکھتے ہیں کہ مرنے کے بعد ہر جاندار دوبارہ زندہ ہو کر اللہ کے سامنے روزِ محشر میں کھڑا ہو گا۔

* ہم یقین کرتے ہیں کہ میدانِ حشر میں اللہ تعالیٰ حساب وکتاب قائم کرینگے۔ اور سب سے حساب لینگے۔

* اوراس پر بھی یقین رکھتے ہیں کہ حشر کے میدان میں بندے کے اعمال تولنے کیلیئے ترازو قائم کی جائے گی۔ وہاں حوضِ کوثر ہو گا۔ اور جہنم کے اوپر پُلصراط نصب کیا جائے گا۔

* ہم جنت و جہنم بر حق ہونے پر ایمان رکھتے ہیں، جیسا کہ قرآن وسنت میں اس کا تذکرہ ہے۔

شفاعت:

* ہم یقین رکھتے ہیں کہ توحید پر ایمان رکھنے والے جولوگ جہنم میں جائےنگے، سِفارش کرنے والوں کی سِفارش سے وہ پھر جنت میں داخل ہونگے۔

* اس سِفارش کا حق انہی کو ملے گا جسے اللہ تعالیٰ پسند کرینگے۔ اور سِفارش کی اجازت دینگے۔

* ہم یقین کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ میدانِ حشر میں حضور ﷺ کو مقامِ محمود سے نوازینگے۔ آپ ﷺ حساب وکتاب کیلیئے عام شفاعت کرینگے۔ اور مؤمن کی جہنم سے نجات کیلیئے خاص شفاعت کرینگے۔

شرک:

* ہم یقین رکھتے ہیں کہ شرک توحید کی ضد ہے۔ مختلف حیثیت سے شرک کی مختلف قسمیں ہیں:

ا۔ شرک فی الربوبیہ: رب ہونے کے اعتبار سے اللہ تعالیٰ کے افعال جیسے پیدا کرنا، پالنا، رزق دینا، حیات و موت دینا، قادرِ مطلق ہونا، کائنات کی انتظامات، آئین و قوانین دینا، اقتدار اعلیٰ، حلال و حرام کی تعیین، اچھے و بُرے کی تشخیص، مصیبت سے نجات، اولاد دینا، غائب کی خبر وغیرہ کسی بھی چیز میں اللہ کے ساتھ کسی اور کو شریک کرنا (برابر سمجھنا) "شرک فی الربوبیہ" یعنی اللہ کے رب ہونے میں شرک کرنا ہے۔

۲۔"شرک فی الالوہیہ" : سجدہ، دعا، مصیبت سے نجات کی التجاء(استغاثہ)، قربانی، نذرومنت وغیرہ کسی بھی طرح کی عبادات میں اللہ کے ساتھ کسی کو شریک کرنا"شرک فی الالوہیہ" یعنی اللہ کے الٰہ ہونے میں شرک کرنا ہے۔

۳۔"شرک فی الاسماء والصفات": قرآنِ مجید اور احادیث میں اللہ تعالیٰ کے جن اسماء وصفات کا تذکرہ ہے، ان اسماءوصفات میں سے جو کچھ صرف اللہ کے لئے خاص ہے ان میں کسی اور کو شریک کرنا"شرک فی الاسماء والصفات" ہے یعنی اللہ کے نام وصفات میں شریک کرنا ہے۔

*ہم یہ بھی یقین کرتے ہیں کہ حکم کے اعتبار سے شرک دو قسم پر ہے:

۱۔شرکِ اکبر:یعنی بڑا شرک، جس سے مسلمان اپنے اسلام سے خارج ہو جاتا ہے۔

۲۔ شرکِ اصغر:یعنی چھوٹا شرک، جس سے مسلمان اپنے اسلام سے تو نہیں نکلتا۔پر کوئی بھی چھوٹا سے چھوٹا شرک بھی گناہِ کبیرہ سے بہت زیادہ خطرناک ہے۔

*ہم یہ بھی یقین رکھتے ہیں کہ شرک جس طرح عقیدہ ویقین سے ہوتا ہے اسی طرح قول وفعل کے ذریعے سے بھی شرک ہو سکتا ہے۔

کفر اور نواقضِ ایمان:

*ایمان جس طرح قول، فعل اور یقین سے ثابت ہوتا ہے اسی طرح کفر بھی قول، فعل اور یقین کے ذریعہ سے ہو سکتا ہے۔

*شرک کی طرح کفر بھی حکم کے اعتبار سے دو قسم پر ہے:

۱۔کفرِ اکبر یعنی بڑا کفر جس سے ایک مؤمن اپنے ایمان سے ہاتھ دھو بیٹھتا ہے۔

۲۔کفرِ اصغر یعنی چھوٹا کفر جس سے مؤمن اپنے ایمان سے خارج نہیں ہوتا۔

*کفرِ اکبر مختلف طریقے سے ہو سکتا ہے، جیسے:

1. (کفر العناد)یعنی دینِ حق پہچاننے کے باوجود جان بوجھ کر ضد اور ہٹ دھرمی کی وجے سے اسے قبول نہ کرنا۔
2. (کفر الانکار والتکذیب)یعنی زبان یا دل سے دین یا دین کی کسی قطعی بات کو انکار کرنا۔
3. (کفر الاستکبار)یعنی دینِ حق پہچاننے کے باوجود تکبّر کی وجے سے اسے انکار کرنا۔
4. (کفر الجحود)یعنی دل سے سچے دین پہچاننے اور یقین کرنے کے باوجود زبان سے انکار کرنا۔
5. (کفر النفاق)یعنی دل سے دینِ حق کو انکار کر کے صرف ظاہراً اسے ماننا۔
6. (کفر الاستحلال)یعنی شریعت کے کسی حلال کو حرام اور حرام کو حلال سمجھنا۔
7. (کفر الکرہ والبغض)یعنی دین یا دین کی کسی مستند بات کو ناپسند اور نفرت کرنا۔

8. (کفر الطعن والاستہزاء) یعنی دین کی کسی بات کو لیکر مذاق اڑانا اسکی بے حرمتی کرنا یا اسلام کے کسی قانون کی مذمت، لعن وطعن یا عیب نکالنا۔
9. (کفر الاعراض) یعنی دین سے مکمل دوری، بے رخی، اعراض، کنارہ کشی، بے پروائی اور الگ تھلک رہنا، مطلب مؤمن ہونے کیلئے بنیادی ضروری چیزوں کا بھی علم نہ رہنا۔ نہ سیکھنا۔ یا قبول نہ کرنا۔ جیسے مسلمان کے گھر میں جنم لینے والے کسی شخص کو اسکے والدین نے اسے کبھی ایمان واسلام سیکھایا ہی نہیں اور وہ خود بھی اسے سیکھا نہیں۔

*انسانی اعضاء کے کچھ افعال ایسے ہیں جنہیں شریعت مطہرہ نے بڑا کفر، کفرِ اکبر قرار دیا ہے۔ اور اسکے کفر ہونے کیلئے اسے حلال سمجھنا یا رد یعنی شرعی قانون کے انکار کرنے کی کوئی شرط عائد نہیں کی جیسے:

- سورج یا کسی مورتی کو سجدہ کرنا۔
- اللہ تعالیٰ، دین، شریعتِ مطہرہ یا کسی بھی نبی ورسول کی شان میں گستاخی، بے حرمتی یا انکو برا بھلا کہنا۔
- شریعت مطہرہ کی کسی ادنی سی ادنی چیز کا بھی مذاق اڑانا، اسے حقیر یا گھٹیا سمجھنا۔
- کوئی ایسا آئین بنانا یا نافذ کرنا جسکی اجازت (licence) اللہ نے نہ دیا ہو۔ وغیرہ۔

اس طرح کے کفرِ اکبر میں مبتلا شخص دائرہ اسلام سے خارج ہو جاتا ہے، اگرچہ وہ اسے حلال نہ سمجھتا ہو بلکہ حرام و ناجائز ہی سمجھتا ہو۔

*ہم یقین کرتے ہیں کہ ذیل میں مذکور ہر ایک فعل کفر اور شرک اکبر ہے۔

1. توحید یعنی وحدتِ باری تعالیٰ، اللہ تعالیٰ کے ایک ہونے پر کسی اور کو شریک کرنا۔
2. یہود ونصاریٰ، ہندو وبدھ یا اس طرح کے کسی کافر اصلی کو کافر نہ سمجھنا یا انکے مذہب کو باطل نہ ماننا یا انکے بطلان پر شک وتردد کرنا۔
3. سید المرسلین حضرت محمد ﷺ کی لائی ہوئی شریعت کے کسی آئین سے بے زار رہنا۔
4. اس آسمانی شریعت کے کسی آئین و قانون سے دوسری کسی شریعت، نظریات یا آئین کو افضل وبرحق یا زیادہ کامل سمجھنا۔
5. شریعتِ مطہرہ کے کسی آئین سے نفرت یا اس کی مذمت کرنا۔
6. شریعتِ مطہرہ کی کسی چیز کو لیکر مذاق اڑانا۔
7. کفر وشرک کے ذریعے جادو کرنا۔
8. مسلمانوں کے خلاف کفار ومشرکین کی مدد کرنا۔
9. اس شریعت کو مکمل نہ سمجھنا اس میں اضافہ وترمیم کی ضرورت ہے، گمان کرنا۔

10. دین اسلام سے مکمل اجتناب، کنارہ کشی، بے رخی، دوری یعنی مسلمان ہونے کیلئے بنیادی ضروری باتوں سے بھی لاعلم رہنا۔ نہ سیکھنا یا قبول نہ کرنا۔ جیسے، مسلمان کے گھر میں پیدا ہونے والے کسی شخص کو اس کے والدین نے کبھی دین اسلام سیکھایا نہیں اور وہ خود بھی اسے سیکھا نہیں۔

ان جیسے نواقضُ الایمان یعنی ایمان توڑنے والی باتوں میں سے کسی ایک میں بھی مبتلا شخص اپنے ایمان سے ہاتھ دھو بیٹھتا ہے۔ اور دائرہ اسلام سے خارج ہو جاتا ہے۔

*"کوئی شخص تب تک کافر نہیں ہوگا جب تک وہ اپنے دل سے انکار نہ کریں" یہ بات نوایجاد اور بدعت ہے۔

*دورِ حاضر کے مرجئہ اور جہمیہ فرقے کے عقیدے سے ہم اپنے آپ کو بری اعلان کرتے ہیں۔ جنکا عقیدہ ہے کہ کفر صرف دل سے انکار اور جھٹلانے میں منحصر ہے، دل میں یقین برقرار رہنے کی حالت میں قول و فعل کے ذریعے کبھی کوئی کافر نہیں ہوتا۔

نفاق:

*ہم یقین کرتے ہیں کہ منافق کافر سے بھی زیادہ بدتر ہے۔ وہ دوزخ کی سب سے گھٹیا اور ہولناک جگہ میں رہینگے۔

*ہم یہ بھی یقین کرتے ہیں کہ نفاق دو قسم پر ہے:

۱۔ نفاقِ اعتقادی یعنی دِلی نفاق۔ اسے بڑا نفاق کہتے ہیں۔

۲۔ نفاقِ عملی یعنی فعلی نفاق اسے چھوٹا نفاق کہتے ہیں۔

۱۔ نفاقِ اعتقادی یا بڑا نفاق: اس میں منافق شخص بہ ظاہر اسلام کو ظاہر کرتا ہے پر دل میں کفر چھپائے رکھتا ہے۔ اس طرح کے نفاق انسان کو مکمل طور پر دین سے نکال دیتا ہے۔

ذیل میں مذکور ہر باتیں یعنی بڑا نفاق ہے:

- حضور ﷺ یا ان کی لائی ہوئی شریعت کی کسی بھی بات کی تکذیب کرنا۔
- حضور ﷺ پر یا ان کی لائی ہوئی شریعتِ مطہرہ کی کسی بات سے نفرت یا عداوت رکھنا۔
- ان کی لائی ہوئی شریعت کی شکست سے خوش اور فتح سے ناخوش ہونا۔ یا تکلیف محسوس کرنا۔ وغیرہ۔

۲۔ نفاقِ عملی یعنی چھوٹا نفاق: دل میں ایمان رکھنے کے باوجود منافق جیسی حرکت کرنا جو کفرِ اکبر نہیں ہیں ۔جیسے، آپسی تناؤ جھگڑے میں گالی گلوج بکنا۔ بات بات پر جھوٹ کہنا۔ وغیرہ۔ اس نفاق سے انسان دائرہ اسلام سے خارج تو نہیں ہوتا، پر سنگین جرم کا مرتکب ہوتا ہے۔

باطل نظریات:

*ہم ذیل میں مذکور تمام نظریات کو اور انکے مشابہ پچھلے اور بعد کے تمام نظریات کو صریح کفر ٹہراتے ہیں:

- جمہوریت (Democracy)
- اشتراکیت (Communism / Socialismg)

- قومیت / وطنیت(Nationalism)
- لادینیت / سیکولرزم(Secularism)
- آزادخیالی(Freemindism)
- غیر نسل پرستی(Liberalism)

جمہوریت(Democracy)

جمہوریت کہتے ہیں عوامی ووٹ سے انتخاب شدہ ممبرانِ پرلیمینٹ کے ذریعہ حکومت چلانے کے نظام کو۔اس میں حاکمیتِ اعلیٰ و اقتدارِ اعلیٰ عوام کیلئے محفوظ رہتا ہے۔اوراس کا عملی نفاذ ممبرانِ پرلیمینٹ کی قانون سازی کے ذریعہ ہوتا ہے۔جمہوریت میں اللہ کی شریعت اوراسکے قوانین کی کوئی اہمیت نہیں ہیں۔چناؤمیں جیتاہواعوامی نمائندہ اور ممبرانِ پرلیمینٹ جو آئین و قوانین بنائے یانافذ کریں بس وہی آئین ہے اسی کو ماننا پڑیگا۔ شریعت مطہرہ اس بارے میں کیا کہتی ہے وہ اس نظام جمہوریت میں قابل التفات نہیں۔جمہوریت کی بنیاد"فصل الدین عن الدولہ" کے اصول پر کھڑی ہے یعنی دین کو ملک وسیاست سے دورر کھنا۔اسی لئے جمہوریت کانعرہ ہے"دھرم چاہے کوئی سا بھی ہو پر ملک سب کیلئے برابر ہے"حکومت کے ساتھ مذہب کاکوئی تعلق نہیں" وغیرہ۔عوام یاعوامی نمائندے ہی تمام تراختیارات کامالک ہے۔انکے خیالات اوررائے ہی کو حتمی قانون ماناجاتاہے۔یہ لوگ اپنی خواہشات کے مطابق اللہ کے آئین کوبدلتے رہتے ہیں۔حرام کو حلال اور حلال کو حرام کرتے ہیں۔جیسے:

ا۔ اللہ رب العزت نے چوری کی سزا قطعِ ید مقرر کیا۔پر نظام جمہوریت میں اس سزاکو جیل، جرمانہ میں تبدیل کردی گئی۔یہ اللہ کے قانون کوبدلنے کی ایک مثال ہے۔

۲۔ اللہ تعالیٰ نے سود کو حرام کیا، اور سود خوروں کے ساتھ جنگ کا اعلان کیا۔پر جمہوری نظام میں سودی بنکاری اور لین دین کی اجازت دی گئی۔اس کیلئے لیسنس(license)دیا گیا۔پورے اقتصادی ڈھانچے کواس پر قائم کیا گیا۔یہ حرام کو حلال کرنے کی مثال ہے۔

۳۔ اللہ تعالیٰ نے جہاد کو فرض قرار دیا۔پر جمہوری نظام میں اسے دہشت گردی اور انسانیت کے خلاف سنگین جرم قرار دیا گیا۔یہ حلال کو حرام کرنے کی مثال ہے۔

اس طرح قوانینِ الٰہی کو بدلنا یا حلال کو حرام اور حرام کو حلال ٹھہرانا صریح شرک اور کفر اکبر ہے۔مثلاً اگر کوئی حکومت یہ آئین نافذ کریں کہ "اللہ تعالیٰ کی شریعت میں اگرچہ عصر کی چار رکعت نماز فرض ہے۔اور ہم اس سے انکاری بھی نہیں، پر ابھی سے ہمارے ملک میں عصر کی نماز دو رکعت ہو گی۔چاررکعت پڑھنا قابل تعزیر جرم ہے"۔توایسی حکومت (حاکم اور منسلک افرادے)بلا شک وشبہ کافرہے۔شریعت کے آئین یعنی "عصر کی نماز چار رکعت فرض ہے"، اقرار کرنے کے باوجود بھی وہ کافرہیں۔جو لوگ نماز کے آئین کوبدلتے ہیں

وہ، اور جو زنا، چوری وغیرہ جیسی شریعت کی مقرر کردہ قطعی سزا کو بدلتے ہیں اِن دونوں میں کوئی فرق نہیں ہے۔ یہ سب کے سب کافر اور مرتد ہیں۔

ثانیاً۔ جمہوری نظام حکومت میں احکم الحاکمین اللہ رب العزت کی اطاعت کو ترک کیا جاتا ہے۔ انکے نازل کردہ دین و شریعت کے آئین کو رد کر کے اس کی جگہ طواغیت، شیاطین اور غیر اللہ کی اطاعت، عبادت اور فرمابرداری کی جاتی ہے۔ انکی اپنی سوچ و بچار، خیال و خوشی اور خواہشات پر مبنی آئین و قانون اور رسم و رواج کو ثقافت اور ضابطۂ حیات کے طور پر قبول کیا جاتا ہے۔ قانون اور آئینِ الٰہی کو بدلنے کی طرح، اس جیسے انسان ساختہ آئین (دستور) کو ضابطۂ حیات کے طور پر قبول کرنا بھی صریح شرک اور کفر اکبر ہے۔

*جو لوگ شرعی نظامِ حکومت کو چھوڑ کر اس جیسے خود ساختہ نظام حکومت کی تدوین و تنفیذ کرتے ہیں، وہ سب کافر ہیں۔

*اسی طرح شریعتِ محمدی ﷺ کو چھوڑ کر اس نظامِ حکومت کے ذریعہ جو سب حکام (سرکار) حکومت کرتے ہیں وہ بھی کافر ہیں۔

*سرکاری وزراء، ممبرانِ پرلیمینٹ، اور قانون سازی کرنے والے ادارے سے منسلک افراد میں سے جو لوگ بھی اس کفریہ آئین بنانے یا نافذ کرنے میں ملوث ہیں، وہ بھی کافر ہیں۔

*جو سب سیکورٹی دستے طاقت کے بل بوتے اس کفریہ نظام حکومت کو عملا نافذ کرتے جارہے ہیں، اسکے بچاؤ اور پاسبانی کر رہے ہیں، اسکی حفاظت میں ہمہ تن مصروف عمل ہے، وہ بھی کفر اکبر میں مبتلا ہیں۔

*اس نظام حکومت کی حقیقت واضح ہو جانے کے باوجود جو لوگ اس پر راضی، اسکی حمایتی، اسکی طرف دعوت دے، اور عوامی قوت یا مالی اعانت کے ذریعہ یا کسی اور طریقے سے اسکی مدد کرے، قوت بڑھائے، ان سب پارٹیوں کو اپنا ووٹ دے، وہ بھی کفر اکبر میں مبتلا ہے۔

یاد رہے کہ! ان تمام علتوں کی بنیاد پر کسی کو متعین کر کے اس پر کفر و ارتداد کا حکم لگانے کیلئے بہت سی جگہوں میں جہالت، تاویل وغیرہ جیسے موانع تکفیر یعنی متعین تکفیر کو روکنے والے اعذار کا لحاظ رکھنا ضروری ہے۔ محقق علمائے حق ہی اس بارے میں فیصلہ دینے کا اختیار رکھتے ہیں، عوام کیلئے ضروری ہے کہ وہ علمائے دین کی اتباع کریں۔

اشتراکیت (communism/Socialism)

اشتراکیت ایک مادیت پرست نظریہ ہے، جسکی بنیاد مکمل لادینیت والحاد پر کھڑی ہے۔ اسکے بانی اول کال ماسک ایک یہودی تھا اور اسے مدد فراہم کرنے والا فریڈریخ اینگلس تھا۔ پوری انسانی تاریخ اور اسکی نقل و حرکت کو "درجہ بندی تحریک" کی نگاہ سے دیکھنا۔ اس نظریہ کے بنیادی اصول یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے وجود کو انکار کرنا، تمام انبیاء اور رسولوں علیہم السلام کو جھوٹلانا، تمام مذاہب سے کفری کرنا، مذہبی تمام عقائد اور اسکی بتائی ہوئی تمام

باتوں کو انکار کرنا، مذہب اور اسکے ساتھ متصل تمام امور کو وہ اقتصادی ترقی کے منافی سمجھتے ہیں۔اسکے بانی کال ماسک نے مذہب کو آفیم کے ساتھ تشبیہ دی ہے۔ یہ نظریہ شخصی ملکیت کو انکار کرتا ہے۔اور ہر چیز کو سرکاری املاک شمار کرتا ہے۔اس نظریہ کی کفری ہونا سب ہی کو پتا ہے۔

قومیت / وطنیت(Nationalism)

اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو تقسیم کی ایمان وکفر کی بنیاد پر۔تمام ایماندار مسلمان ایک قوم ایک ملت ہے،اور تمام کافر غیر مسلم دوسری قوم دوسری ملت ہے۔ مسلمان چاہے دنیا کے کسی بھی خطے میں ہو،کسی بھی قبیلہ و خاندان یا زبان و رنگت سے ہو، وہ سب آپس میں ایک دوسرے کا بھائی ہے۔ایک دوسرے کے ساتھ ایمانی رشتے اور اسلامی بھائی چارگی کے بندھن میں بندھے ہوئے ہیں۔ ان کے آپس میں پیار ومحبت اور دوستی کا تعلق رکھنا ضروری ہے ۔ایک دوسرے کی مدد کرنا،ایک دوسرے کا بچاؤ کرنا،کافر و مشرک سے حفاظت کرنا،انکے خلاف آپس میں ایک دوسرے کی مدد ونصرت کرنا بھی ضروری ہے۔

دوسری طرف غیر مسلم سے محبت رکھنا،ان کے ساتھ دوستی کا رشتہ قائم کرنا بلکل منع ہے۔زیادہ سے زیادہ انکے ساتھ انسانی ہمدردی کی کچھ مشروط گنجائش ہے۔الغرض اسلام میں " الولاء والبراء " (دوستی ودشمنی) ایمان و کفر کی بنیاد پر قائم ہے۔اسے اگر قومیت یا وطنیت کہا جائے تو اسلام اس قومیت کی اجازت دیتا ہے۔اور اسے ہم اسلامی قومیت کہہ سکتے ہیں۔ جسکی بنیادی روح ایمان وکفر ہو گی۔

پر موجودہ قومیت کی بنیاد ملک، زبان، قبیلہ، خاندان، نسل، علاقہ، شہر، رنگ، رنگت، تعلیم، تہذیب اور رسم و رواج پر قائم ہے۔ انکے ولاء اور براء یعنی پیار ومحبت، دوستی و دشمنی، اتفاق واختلاف ان بنیاد پر ہی قائم ہے۔وہاں نہ ایمان وکفر میں کوئی فرق ہے اور نہ ہی مسلم و غیر مسلم میں کوئی تفاوت ہے۔مسلمان وکافر، یہود ونصاری، ہندو وبدھ، ناستک ومرتد کسی میں کوئی فرق کوئی تفاوت نہیں ہے۔جب تک وہ ایک ملک، ایک قوم، ایک زبان میں بولنے والے ہیں تب تک ان سے محبت رکھنا، انکی مدد کرنا، حق وناحق سب کچھ میں انکا حامی بنے رہنا ہے۔انکے رسم و رواج، طور وطریقے، ارادہ وعزم، اور طرز زندگی ان سبب چیزوں کو محفوظ رکھنا۔کیا سچ کیا جھوٹ، کیا حق کیا باطل، کیا حقیقت کیا خرافت، کیا شریعت تسلیم کرتی ہے یا نہیں، یہ سب باتیں یہاں بلکل بے فائدے اور بے مطلب ہے۔اسی طرح اس قومیت کی بنیاد پر شریعت مطہرہ کے آئین کو بدلا جارہا ہے۔ حلال، حرام اور حرام، حلال ہو رہا ہے۔

یاد رہے کہ! دورِ حاضر کی قومیت کی حمایتیوں کا مقصدِ اصلی دنیا سے اسلام اور مسلمانوں کی حکومت کو مٹا دینا ہے۔اس مقصد کو حاصل کرنے کیلئے مسلمانوں کے آپسی اتحاد کو پارہ پارہ کر کے انکو آپس میں ایک دوسرے کے دشمن بنا کر کچھ کمزور اور جڑ سے کٹی ہوئی قوم میں بدل دیا گیا ہے۔قومیت کی آڑمیں ہی اہلِ مغرب اسے کرنے پر قادر ہوا۔ملک، قبیلہ، خاندان، علاقہ، زبان، رنگ و رنگت، تہذیب جہاں پر جو ہاتھ لگا موقعے کا

فائدے اٹھا کر ایک متحد و متفق قوم کو مختلف ٹکڑے میں بانٹ کر رکھ دیا۔ محبت اور بھائی چارگی کے بجائے آپس میں حسد، کینہ، نفرت اور دشمنی پیدا کر دیا۔ ہر ایک کو محدود احاطے میں رکھ کر باقی پوری امت سے بے خبر یا پھر انکے دشمن میں بدل دیا۔ نتیجتاً اہلِ اسلام آپس میں ایک دوسرے کی مدد و ہمدردی کرنے کے بجائے ایک دوسرے کے خلاف میدانِ جنگ میں اتر آئے۔ یہ قومیت اسلام مخالف نو ایجاد ایک کفریہ نظریہ ہے۔ جو لوگ اس نظریہ کی تنفیذ کرتے ہیں، پھیلاتے ہیں، حمایت اور اسکے لئے زندگی کو داؤ میں لگاتے ہیں، تو ہم انہیں کفریہ کام میں مبتلا سمجھتے ہیں۔

لادینیت (Secularism)

سیکولر کا معنیٰ ہے غیر جانبدار۔ سیکولرزم کا مطلب ہے کسی بھی دھرم کی جانبداری نہیں۔ یعنی ہر دھرم سے دوری اور لا تعلقی کا اظہار کرنا۔ سیکولرزم ایک ایسا نظریہ ہے کہ جس کی اصل اصول ہے سیاست، تعلیم و تہذیب وغیرہ مذہب سے آزاد ہو۔ سیکولرزم اس نظریہ کا حامل ہے کہ جس میں یہ کہا جاتا ہے کہ انسان کی نقل و حرکت اور آراء خصوصاً سیاسی آراء و اقوال کسی بھی مذہبی عقیدے پر قائم نہیں ہونا چاہئے۔ الغرض سیکولرزم کا مرادف لفظ لادینیت ہے۔

یہ سیکولرزم قومی زندگی پر جس طرح ہو سکتی ہے اسی طرح شخصی زندگی میں بھی ہو سکتی ہے۔ کسی بھی ملک کا سیکولر ملک ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اس ملک کے حکومتی نظام مذہبی ضوابط و قواعد سے بالکل آزاد اور بری ہے ۔ مذہب کے ساتھ ملک اور ملکی آئین و قانون، قواعد و ضوابط کا کوئی تعلق نہیں۔ اور نہ ہی ان چیزوں کے ساتھ مذھب کا کوئی تعلق ہے۔ دھرم ہر انسان کی شخصی اور گھریلو زندگی تک محدود رہے گا۔ اور حکومت چلے گی عوام اور عوامی نمائندوں کی آراء و اقوال پر بنے ہوئے آئین کے ذریعے۔ مذہب کو سیاست سے دور رکھا جائے گا۔ ملی زندگی میں مذہبی امور پر عمل کلیتاً ممنوع ہے۔ نظام حکومت یا حکومتی کوئی آئین دین اسلام کے مطابق ہونا سراسر سیکولرزم (لادینیت) کا خلاف ہے ۔ "مذہب کوئی سا بھی ہو ملک سب کا ہے" اس نعرہ سے یہی مراد ہے۔

کسی شخص کا سیکولر ہونے کا مطلب ہے کہ وہ کسی بھی مذہب کا پیروکار نہیں ہے۔ اس کی زندگی دھرم سے آزاد ہے۔ نہ وہ اسلام کا پیروکار ہے نہ کسی اور مذہب کا۔

یاد رہے کہ! سیکولرزم کا مطلب ہرگز یہ نہیں ہے کہ قومی مذہب اسلام اور حکومت شریعت کے مطابق چلے گی، ہاں اس میں دیگر مذاہب بھی پر امن طریقے سے مانا جا سکتا ہے۔ جیسے کہ بعض گمان کرتے ہیں، سیکولرزم کا بانی اسکے ماننے والے سمیت کسی بھی معتبر ادارے کے نزدیک یہ تعریف معتبر نہیں۔

* انسانی زندگی کی ہر سطح پر خواہ ملکی ہو یا شخصی سیکولرزم کو ہم کفر سمجھتے ہیں ۔ یہ سیکولرزم دورِ حاضر میں کفار کے ایجاد کردہ چند نظریات میں سے ایک ہے۔ شریعت مطہرہ میں اسکی کوئی گنجائش نہیں۔ زندگی کی ہر سطح پر

شخصی، ملی، سماجی اور بین الاقوامی ہر جگہ میں اللہ کے نازل کردہ اسلامی شریعت کو حاکمیتِ اعلیٰ کے درجے میں رکھنا ہے۔انسانی زندگی کے ہر شعبے میں صرف اسلامی شریعت ہی قابل اطاعت و اتباع ہے۔پر ہاں اس عقیدے کے ساتھ ساتھ شریعت مطہرہ میں کفار کیلئے جو شرعی حقوق متعین ہے، ہم اسے بھی تسلیم اور اسکی ادائیگی کو اپنا فرض سمجھتے ہیں۔

جو لوگ سیکولرزم کی دعوت، حمایت اور اسکے لئے جنگ لڑ رہے ہیں ہم ایسے لوگوں کو کفر اکبر میں مبتلا سمجھتے ہیں۔ کیونکہ وہ لوگ اللہ کی شریعت کے علاوہ ایک نیا نظریہ کو قبول کر لیا ہے۔

آزادخیالی(Freemindism)

* آزاد خیال، اس نظریہ میں کسی بھی انسان کو کسی بھی موضوع پر کسی بھی سوچ وبچار اور رائے دینے کی مکمل آزادی اور اختیار ہوتا ہے۔چاہے وہ دین اسلام کے خلاف ہی کیوں نہ ہو۔کفر، شرک، الحاد، دہریت جو بھی ہو۔مثلا ہم جنس پرستی، اللہ کے وجود سے انکار، شریعت کے کسی آئین کو پس ماندہ، ناقابل عمل ثابت کرنا وغیرہ کا اختیار ہے، یہ آزادانہ خیال کی ترجمانی کرنے والے دعوی کرتے ہیں۔پر اسلام کہتاہے کہ کسی بھی امور پر رائے دینے میں ہر شخص شریعت مطہرہ کی مقرر کردہ حدود کے پابند ہے۔اسی لئے آزاد خیال نامی نظریہ صریح کفر اکبر ہے۔

اس نظریہ کو ماننے والا شخص یقیناً اسلام کے دائرے سے خارج ہو جائے گا۔

غیر فرقہ پرستی/نسل پرستی۔(liberalism)

* غیر فرقہ پرستی نظریہ میں سماجی اور ملی زندگی کی ہر جگہ میں مسلمان، کافر اور مشرک کو ایکساماناجاتاہے۔مذہبی لحاظ سے تفریق اس نظریہ میں ممنوع ہے۔یہ نو ایجاد نظریہ بھی سراسر اسلام مخالف ہے۔اسلام کے "الولاء والبراء" یعنی مسلمانوں سے دوستی اور کفار سے دشمنی، عقیدے کے خلاف ہے۔شریعت مطہرہ نے مسلمانوں کے ساتھ محبت، شفقت، نرمی، اتحاد و نصرت، اور کفار کے ساتھ نفرت و دشمنی کا حکم دیا ہے۔مسلمانوں پر غیر مسلموں کی ہر طرح کی قیادت واختیارات ممنوع قرار دیاہے۔کوئی بھی کافر کسی بھی حال میں مسلمانوں پر راج نہیں کر سکتا۔انکے امام، حاکم، سرکار، امیر یا قاضی کچھ بھی نہیں بن سکتا۔یہاں تک کہ مسلمانوں کے امام، حاکم، امیر یا قاضی کے انتخاب میں رائے دینے کا بھی انکو کوئی اختیار نہیں ہے۔ شریعت بلکہ اسلام قبول نہ کرنے پر انکو جزیہ دے کر ذلتی کے ساتھ مسلمانوں کے ماتحت رہ کر زندگی گزارنے کا موقع دیا گیاہے۔ایسی حالت میں انکی مذہبی رسومات، مذہبی مقامات اور گھروں تک محدود رکھنے کا حکم دیا ہے ،اور اسے قبول نہ کرنے پر مسلمانوں کیلئے ان کے خلاف لڑنے کو فرض کر دیا گیاہے۔

پر غیر نسلیت پرست نظریہ سراسر اس کے خلاف ہے ۔اس میں کافرو مسلم سب برابر ہے۔امام، حاکم، امیر یا قاضی ہونے کا حق جس طرح مسلمانوں کو ہے اسی طرح یہ حق کفار و مشرکین کو بھی

ہے۔ جس طرح مسلمانوں کو رائے دینے کا اختیار ہے اسی طرح کفار و مشرکین کو بھی اختیار ہے۔ مسلمانوں کی عید جس طرح کھل کر منائی جاتی ہے اسی طرح ہندوں کا تہوار بھی کھل کر منایا جائے گا۔ پروگرام کے افتتاح میں جہاں قرآن شریف کی تلاوت ہوگی وہاں پر گیتا، بائبل کا بھی پاٹھ ہوگا۔ کسی بھی چیز میں مذہب کو لانا یا مذہب کی بنیاد پر تفریق پیدا کرنا اس نظریہ کے سخت مخالف ہے۔ اسی لئے یہ نظریہ بھی اسلام مخالف کفریہ نظریہ ہے۔

جدید اسلام (Digital Islam / Modern Islam)

